لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ

اللہ پسند نہیں فرماتا علانیہ بدگفتاری، مگر جو مظلوم ہو، اور

اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾ اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ تَعْفُوْا عَنْ

اللہ سننے والا علم والا ہے ● اگر تم دکھا کر نیکی کرو، یا چھپا کر، یا معاف کر دو کسی کی

سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿۱۴۹﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ

بدزبانی، تو بیشک اللہ معاف فرمانے والا قدرت والا ہے ● بے شک جو انکار کریں

بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَ

اللہ اور اس کے رسولوں کا، اور چاہیں کہ ماننے میں امتیاز رکھیں اللہ اور اس کے رسولوں میں، اور

يَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا

کہیں کہ ہم بعض کو مانیں گے، اور بعض کا انکار کریں گے، اور چاہیں کہ بنالیں

بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۵۰﴾ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ

درمیانی راستہ ● وہی یقیناً کافر ہیں۔ اور ہم نے تیار کر رکھا ہے کافروں کیلئے

عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۵۱﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا

ذلت والا عذاب ● اور جو مان گئے اللہ اور اس کے رسولوں کو، اور ماننے میں ان

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ

میں کوئی امتیاز نہ رکھا، وہی لوگ ہیں کہ جلد دے گا ان کو ان کا اجر۔ اور اللہ

غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۵۲﴾ ع يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ عَلَيْهِمْ كِتٰبًا

غفور رحیم ہے ● تم سے فرمائش کرتے ہیں اہل کتاب، کہ اتار لاؤ لکھی لکھائی کتاب

مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا اَرِنَا

آسمان سے، تو ان لوگوں نے فرمائش کی تھی موسیٰ سے اس سے بڑھ کر، چنانچہ کہا تھا کہ دکھا دو ہمیں

اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ

اللہ کو کھلم کھلا، تو پکڑ لیا ان کو کڑک نے، ان کے ظلم کی وجہ سے۔ پھر انھوں نے بنالیا بچھڑا،

مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَاٰتَيْنَا

باوجودیکہ آچکی تھیں ان کے پاس روشن آیتیں، تو ہم نے اس کو معاف فرما دیا۔ اور دے دیا

مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾ وَرَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ بِمِيْثَاقِهِمْ

موسیٰ کو کھلا ہوا غلبہ ● اور اٹھوا دیا ان کے سروں پر کوہ طور، ان سے عہد لینے کیلئے۔

وَقُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا فِي

اور ہم نے انھیں حکم دیا کہ دروازہ میں داخل ہو سجدہ کرتے ہوئے، اور انھیں حکم دیا کہ سنیچر کے بارے میں

السَّبْتِ وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ

قانون نہ توڑو، اور لے لیا ہم نے ان سے گاڑھا عہد ● پھر اپنے عہد کو توڑ دینے

مِّيْثَاقَهُمْ وَكُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَقَتْلِهِمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ

کی وجہ سے، اور اللہ کی آیتوں سے انکار کر دینے، اور انبیاء کو ناحق مار ڈالنے،

وَّقَوْلِهِمْ قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ فَلَا

اور اس بکنے کی وجہ سے کہ ہمارے دل غلاف میں ہیں، بلکہ چھاپ لگا دی اللہ نے ان کے دلوں پر ان کے کفر کی وجہ

يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾ وَّبِكُفْرِهِمْ وَقَوْلِهِمْ عَلٰى مَرْيَمَ بُهْتَانًا

سے، تو یہ نہیں مانیں گے مگر تھوڑے ● اور ان کے کفر کی وجہ سے اور ان کی بکواس سے مریم پر بڑے

عَظِيْمًا ﴿۱۵۶﴾ وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

بہتان کی ● اور ان کے اس ڈینگ کی وجہ سے، کہ ہم نے قتل کر ڈالا مسیح عیسیٰ ابن مریم،

رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وَلٰكِنْ شُبِّهَ لَهُمْ ؕ وَاِنَّ

اللہ کے رسول کو۔ حالانکہ نہ قتل کیا، نہ انھیں سولی دی۔ لیکن ایک ملتا جلتا بنا دیا گیا ان کیلئے، اور بیشک

الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ

جنھوں نے ان کے بارے میں اختلاف کیا، تو وہ شک ہی شک میں ہیں۔ انھیں اس کا کچھ علم نہیں،

اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ﴿۱۵۷﴾ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ

سوا گمان سے کام لینے کے۔ حالانکہ نہیں قتل کیا عیسیٰ کو یقیناً ● بلکہ اٹھا لیا ان کو اللہ نے اپنی طرف۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۵۸﴾ وَاِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا

اور اللہ غلبہ والا حکمت والا ہے ● اور کوئی کتابی نہیں، مگر

لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۚ ﴿۱۵۹﴾

ایمان لائے گا ان پر مرنے سے پہلے۔ اور قیامت کے دن وہ ان پر گواہ ہوں گے ●

فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ

تو ان یہودیوں کے ظلم کی وجہ سے، حرام فرمادیا ہم نے پاکیزہ چیزیں جو حلال تھیں ان کو،

وَبِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿۱۶۰﴾ وَّاَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ

اور ان کے روک دینے کی وجہ سے اللہ کی راہ سے بہتوں کو● اور ان کے سود لینے کی وجہ سے، جس

نُهُوْا عَنْهُ وَاَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ؕ وَاَعْتَدْنَا

سے وہ منع کر دیئے گئے تھے، اور ان کے کھانے کی وجہ سے لوگوں کا مال ناحق۔ اور ہم نے تیار کر چھوڑا ہے

لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶۱﴾ لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ

ان میں سے کفر کرنے والوں کے لئے دکھ دینے والا عذاب● لیکن جو ان میں ٹھوس ہیں علم میں،

مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ

اور ایمان دار ہیں، وہ مانتے ہیں جو اتارا گیا تم پر، اور جو نازل کیا گیا

قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَالْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

تمہارے پہلے اور نماز کو قائم رکھنے والے، اور زکوٰۃ دینے والے، اور ماننے والے

بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۶۲﴾ اِنَّآ ع ۲۱/۱۲

اللہ کو، اور پچھلے دن کو۔ وہ ہیں کہ بہت جلد دیں گے ہم ان کو بڑا اجر● بے شک ہم نے

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَ

وحی فرمائی تمہاری طرف جس طرح وحی فرمائی تھی، نوح اور انکے بعد کے انبیاء کی طرف، اور

اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ

وحی کی تھی ہم نے ابراہیم و اسمٰعیل و اسحٰق و یعقوب وآل یعقوب

وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ

وعیسیٰ و ایوب ویونس وہارون وسلیمان کی طرف، اور دیا ہم نے داؤد کو

زَبُوْرًا ﴿۱۶۳﴾ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ

زبور● اور چند رسولوں کو جنھیں ہم بتا چکے ہیں پہلے ہی، اور چند رسولوں کو

نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ؕ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴿۱۶۴﴾ رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ

کہ ابھی نہیں بیان فرمایا تم سے، اور اپنا کلیم خاص بنایا اللہ نے موسیٰ کو● رسول بشارت دینے والے

وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ

اور ڈرانے والے، تاکہ لوگوں کو اللہ سے بولنے کی جگہ نہ رہ جائے، ان رسولوں کے آنے کے بعد۔

وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿١٦٥﴾ لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ اِلَيْكَ

اور اللہ غلبہ والا حکمت والا ہے ● لیکن اللہ گواہ ہے جو تم پر اتارا،

اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَشْهَدُوْنَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ؕ ﴿١٦٦﴾

اس کو اپنے علم سے اتارا، اور فرشتے گواہ ہیں۔ اور اللہ کافی گواہ ہے ●

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًا

بے شک جنھوں نے کفر کیا اور اللہ کے راستے سے روکا، تو وہ بہت دور بہک گئے

بَعِيْدًا ﴿١٦٧﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ

● بے شک جنھوں نے کفر کیا اور ظلم کیا، اللہ ان کو نہ بخشے گا،

وَلَا لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ﴿١٦٨﴾ اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ

اور نہ راہ دے گا ● سوا راہ جہنم کے، ہمیشہ ہمیش اس میں رہیں گے۔

وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿١٦٩﴾ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ

اور یہ اللہ کیلئے آسان ہے ● اے لوگو! بے شک آ گیا تم میں

الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا

رسول تمہارے رب کی طرف سے حق لے کر، تو مان جاؤ یہی تمہارے لئے بہتر ہے۔ اور اگر انکار کر دو گے

فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿١٧٠﴾

تو بے شک اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔ اور اللہ علم والا حکمت والا ہے ●

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِىْ دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا

اے اہل کتاب! حد سے نہ گھٹو بڑھو اپنے دین میں، اور مت بولو اللہ پر، مگر

الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ

ٹھیک۔ بات بس اتنی ہے، "کہ مسیح عیسیٰ ابن مریم، اللہ کے رسول اور اس کے کلمہ ہیں"،

اَلْقٰىهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ ۫ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَلَا تَقُوْلُوْا

جن کو مریم کی طرف بھیجا اور اسکی طرف سے روح ہیں، تو مان جاؤ اللہ کو اور اسکے رسولوں کو۔۔۔ اور مت کہا کرو

ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗۤ اَنْ

تین۔ باز آجاؤ یہی تمہارے لئے بہتر ہے۔ اللہ ہی بس ایک معبود ہے۔ پاک ہے کہ اس کے

يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى

کوئی اولاد ہو۔۔۔ اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے۔ اور اللہ کافی

بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۷۱﴾ لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَ

کارساز ہے● ہرگز برا نہ مانیں گے مسیح اس کو، کہ بندہ ہیں اللہ کے اور

لَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ

نہ برگزیدہ فرشتے۔ اور جو برا مانیں اس کے بندہ ہونے سے، اور

يَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿۱۷۲﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

غرور کریں، تو بہت جلد وہ ہانک کر لائے گا اُن سب کو اپنی طرف● تو جو ایمان لا چکے اور

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ

نیک کام کر لئے، تو پورا پورا دے گا انھیں ان کا اجر، اور زیادہ بھی دے گا اپنے فضل سے۔

وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ

اور لیکن جنہوں نے برا مانا اور غرور کیا، تو ان کو عذاب دے گا دکھ دینے والا عذاب۔۔

وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷۳﴾ يٰۤاَيُّهَا

اور نہ پائیں گے اپنے کام کا جنھیں بنا رکھا ہے اللہ کو چھوڑ کر یاور و مددگار● اے انسان!

النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ نُوْرًا

بیشک آ گئی تمہارے پاس دلیل، تمہارے پروردگار کی طرف سے، اور اتار دیا ہم نے تمہاری طرف روشن

مُّبِيْنًا ﴿۱۷۴﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ

نور● تو جنہوں نے مان لیا اللہ کو، اور تھام لیا اس کو، تو بہت جلد داخل فرمائے گا انھیں

فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ؕ ﴿۱۷۵﴾

اپنی رحمت و فضل میں، اور ہدایت فرمائے گا سیدھی راہ کی●

يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ

تم سے دریافت کرتے ہیں، کہدو کہ اللہ بتائے دیتا ہے یتیم و یسیر لاولد کے بارے میں، کہ اگر کوئی مر گیا

ع ۲۱ رکوع ۲۱

لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّلَهٗۤ اُخْتٌ فَلَهَا نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَهُوَ يَرِثُهَاۤ

لاولد اوراس کی ایک بہن ہے، تو بہن کا نصف حصہ ترکہ میں ہے۔ اوروہ وارث ہوگا بہن کا

اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ؕ فَاِنْ كَانَتَا اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ

اگر بہن بھی لاولد ہو۔ پھر اگر بہن دوہوں، تو دونوں کا حق دوتہائی ہے

مِمَّا تَرَكَ ؕ وَاِنْ كَانُوْۤا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّنِسَآءً فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ

ترکہ سے۔ اوراگر کئی بھائی بہن مردوعورت سب ہوں، تومرد کیلئے دوعورت کے حصے

الْاُنْثَيَيْنِ ؕ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾ ع ۲۴ ۲

کے برابر ہے۔ صاف صاف بتادیئے دیتا ہے اللہ تمہیں، کہ کہیں گمراہ ہوجاؤ۔ اوراللہ ہرعلم کا جاننے والا ہے●

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ ۵ مَدَنِيَّةٌ ۱۱۲ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اٰيَاتُهَا ۱۲۰ رُكُوْعَاتُهَا ۱۶

سورہ مائدہ مدنیہ نام سے اللہ کے بڑامہربان بخشنے والا آیات ۱۲۰ رکوع ۱۶

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ ؕ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ ۱ ۲

اے وہ جوایمان لاچکے! اپنے عہد پورے کرو۔۔ حلال کردیئے گئے تمہارے لئے چوپائے،

الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ مُحِلِّى الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ

مگر جوتم کوآئندہ بتایا جائے گا حلال نہ جانتے ہوئے خشکی کے شکارکو، جب کہ تم احرام میں ہو۔

اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ۱ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ

بے شک اللہ جوچاہتا ہے حکم دیتا ہے● اے وہ جوایمان لاچکے! نہ بے حرمتی کروشعائر

اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ آٰمِّيْنَ

اللہ کی، اورنہ محترم مہینوں کی، اورنہ قربانی کی اورنہ قلادہ والے قربانی کے جانوروں کی، اورنہ عازمین

الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرِضْوَانًا ؕ وَ

بیت اللہ کی، جوچاہتے ہیں اپنے پروردگار کا فضل و خوشی۔ اور

اِذَا حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ

جب احرام کھول دیا تو شکار کھیلنا ہوتو کھیلو۔ اورنہ ابھارے تم کو کسی قوم کی عداوت کہ

صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى

روک دیا تھا تم کو مسجد حرام سے، اس پر کہ تم زیادتی کرو۔۔۔ باہم مدد کرتے رہو

الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۚ وَاتَّقُوا

نیکی اور تقویٰ پر۔ اور نہ مدد کرو گناہ اور زیادتی پر۔ اور اللہ کو

اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۲ حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَ ع

ڈرو۔ بے شک اللہ عذاب کرنے میں سخت ہے● حرام کردیا گیا تم پر مُردار اور

الدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَ

خون اور سور کا گوشت، اور جس پر ذبح کے وقت نامزد کیا گیا غیر خدا، اور جھٹکا، اور

الْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا

چوٹ کھایا، اور گرا پڑا، اور سینگ مارا، اور جسکو کسی درندہ نے کھالیا ہو، مگر ان میں سے جسکو تم نے مرنے سے

ذَكَّيْتُمْ ۣ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ۭ

پہلے ذبح کرلیا۔ اور جو ذبح کیا گیا بتوں کے اڈوں پر، اور پانسوں کے ذریعہ بانٹنا،

ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ۭ اَلْيَوْمَ يَىِٕسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا

یہ گناہ ہے۔ آج ناامید ہوگئے جنھوں نے انکار کردیا ہے تمہارے دین کا، تو

تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ۭ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ

ان کو مت ڈرو، مجھے ڈرو۔ آج میں نے کامل کردیا تمہارے لئے تمہارے دین کو، اور تمام کردی تم پر

نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ۭ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ

اپنی نعمت، اور پسند فرمالیا تمہارے لئے دین اسلام۔ تو جو بے قابو ہوگیا بھوک پیاس میں حرام کھانے پر،

غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۳ يَسْـَٔـلُوْنَكَ مَاذَآ

بغیر میلانِ گناہ کے، تو بے شک اللہ غفور رحیم ہے● تم سے پوچھتے ہیں کہ ان کے

اُحِلَّ لَهُمْ ۭ قُلْ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ

لئے کیا حلال ہے۔ کہہ دو کہ حلال ہے تمہارے لئے سب پاکیزہ چیزیں۔ اور جو سدھا رکھا ہے تم نے اپنے

مُكَلِّبِيْنَ تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۡ فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ

شکاری شکار پر دوڑانے کو، تو انھیں سکھاتے ہو جو اللہ نے تمہیں علم دیا، تو کھالو جس شکار کو وہ تمہارے لئے پکڑیں۔

عَلَيْكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ

اور اُس پر اللہ کا نام بھی لو۔ اور اللہ سے ڈرتے رہو۔ بے شک اللہ جلد

الْحِسَابِ ۝۴ اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ؕ وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا

حساب لینے والا ہے● آج حلال کردی گئیں تمہیں پاکیزہ چیزیں۔ اور اہل کتاب کا ذبیحہ

الْكِتٰبَ حِلٌّ لَّكُمْ ۖ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ لَّهُمْ ۫ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ

تمہیں حلال، اور تمہارا ذبیحہ ان کو حلال۔ اور مسلمان

الْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ

پارسا عورتیں، اور نیک چلن کتابیہ عورتیں،

اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ وَلَا

جب کہ تم نے دے ڈالا ان کو ان کا مہر، ایک دوسرے کے پابند ہو کر، نہ کہ شہوت نکالنے اور نہ

مُتَّخِذِيْٓ اَخْدَانٍ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۫

آشنائی کرنے کیلئے● اور جو ایمان لا کر کفر کرے، تو بے شک ملیا میٹ ہو گیا اس کا عمل۔

وَهُوَ فِى الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝۵ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا ع ۵/۱

اور وہ آخرت میں بڑے گھاٹے والوں سے ہے● اے وہ جو ایمان لا چکے! جب

قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ

کھڑے ہونے لگے نماز کو، تو دھو ڈالو اپنے چہرے، اور کہنیوں تک اپنے ہاتھ،

وَامْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا

اور مسح کر لو اپنے سر کا، اور پاؤں کو گٹوں تک۔ اور اگر بے غسلے ہو

فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ

تو غسل کر ڈالو۔ اور اگر بیمار ہو یا برسر سفر ہو، یا کوئی تمہارا آیا

مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا

استنجے سے، یا تم نے لمس کیا عورتوں کا، پھر پانی نہ پایا، تو تیمّم کرو پاک

طَيِّبًا فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ

مٹی سے، تو مسح کرو اپنے چہروں کا اور ہاتھوں کا اس سے۔ اللہ نہیں چاہتا

لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّلٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَلِيُتِمَّ

کہ تم پر کوئی تنگی ڈال دے، لیکن چاہتا ہے کہ تم کو صاف ستھرا کر دے، اور تا کہ تمام فرما دے

نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۶ وَاذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

اپنی نعمت کو تم پر، کہ تم شکر گزار بنو● اور یاد کرو اپنے اوپر اللہ کی نعمت کو،

وَمِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖٓ ۙ اِذْ قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۡ وَ

اور اس عہد کو جس کو اس نے تم سے مضبوطی سے لیا، جبکہ تم نے اقرار کر لیا تھا کہ ہم نے سنا اور کہے کو مانا، اور

اتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۷ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

اللہ سے ڈرو بے شک اللہ جانتا ہے سینوں کے راز کو● اے وہ جو

اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَاۗءَ بِالْقِسْطِ ۡ وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ

ایمان لا چکے! قائم ہو جاؤ اللہ کیلئے انصاف کے گواہ ہو کر۔ اور کبھی نہ ابھارے

شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰٓي اَلَّا تَعْدِلُوْا ۭ اِعْدِلُوْا ۣ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۡ وَ

کسی قوم کی دشمنی تم کو اس پر، کہ انصاف چھوڑ دو۔ تم انصاف کرو۔۔۔ وہ تقویٰ سے بہت نزدیک ہے۔ اور

اتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۸ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ

اللہ سے ڈرو۔ بے شک اللہ جو کرو اس سے باخبر ہے● وعدہ فرمایا اللہ نے جو

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝۹ وَالَّذِيْنَ

ایمان لائے اور نیکیاں کیں، اُن کیلئے بخشش اور بڑا اجر ہے● اور جنہوں

كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝۱۰ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ

نے انکار کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا، وہ جہنم کے لوگ ہیں● اے وہ جو

اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ يَّبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ

ایمان لا چکے! یاد کرو اللہ کی نعمت کو اپنے اوپر، جب کہ قصد کیا ایک قوم نے کہ پھیلا دیں تم پر

اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ

اپنے ہاتھ، تو اللہ نے روک دیا انکے ہاتھوں کو تم سے، اور اللہ سے ڈرتے رہو، اور اللہ ہی پر ایمان والے

الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۱ ع وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا ع ۶ ۲

بھروسہ رکھیں● اور بے شک لیا تھا اللہ نے اسرائیلیوں سے مضبوط عہد۔ اور بھیجا

مِنْهُمُ اثْنَيْ عَشَرَ نَقِيْبًا ۭ وَقَالَ اللّٰهُ اِنِّىْ مَعَكُمْ ۭ لَىِٕنْ اَقَمْتُمُ

ان میں سے بارہ نقیب۔ اور اللہ نے فرمایا کہ میں تمہارے ساتھ ہوں، اگر تم قائم کرتے رہے

الصَّلٰوةَ وَ اٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَ اٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ وَ عَزَّرْتُمُوْهُمْ وَ

نماز کو، اور دیتے رہے زکوٰۃ، اور مانتے رہے میرے رسولوں کو، اور تعظیم کرتے رہے ان رسولوں کی، اور

اَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ

اللہ واسطے قرض حسنہ دیتے رہے، تو ہم تمہارے گناہوں کا کفارہ کر دیں گے،

وَلَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ

اور تم کو داخل کریں گے ان جنتوں میں، جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں۔ تو جو کافر ہوا اس کے بعد

ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۱۲﴾ فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ

تم میں سے، تو بے شک بہک گیا سیدھے راستہ سے● پس ان کے اپنے عہد کو توڑ دینے کی وجہ سے

لَعَنّٰهُمْ وَجَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ

ہم نے مردود بنا دیا ان کو، اور کر دیا ان کے دلوں کو سخت۔ الٹتے پلٹتے ہیں لفظوں کو ان کی جگہوں سے۔

وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ

اور بھول گئے بڑا حصہ جو اُن کو نصیحت کی گئی تھی۔ اور ہمیشہ آگاہ ہوتے رہو گے ان کی ایک نہ ایک خیانت پر،

اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاصْفَحْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ

مگر تھوڑے ان میں سے، تو ان سے عفو سے کام لو اور درگزر کرو۔ بے شک اللہ محبوب رکھتا ہے

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳﴾ وَمِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ

احسان کرنے والوں کو● اور ان لوگوں سے جنھوں نے اپنے کو کہا کہ ہم نصاریٰ ہیں، ہم نے ان سے مضبوط عہد لیا

فَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَ

تو بھول گئے حصہ، جس کی انھیں نصیحت کی گئی تھی، تو ڈال دی ہم نے ان میں باہمی دشمنی اور

الْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ بِمَا كَانُوْا

بغض، قیامت تک۔ اور جلد اللہ انھیں بتا دے گا جو

يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۴﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ

کر چکے ہیں● اے اہل کتاب، بے شک آ گیا تمہارے پاس ہمارا رسول، جو ظاہر کر دیتا ہے

كَثِيْرًا مِّمَّا كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ قَدْ

بہتیری چیزوں کو، جن کو تم چھپاتے تھے کتاب سے، اور بہت کو معاف رکھتے ہیں۔۔ بے شک

جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ

آ گیا تم میں اللہ کی طرف سے ایک نور اور روشن کتاب ● ہدایت عطا فرماتا ہے اس سے اللہ اس

اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ

کی، جو چل پڑا اسکی خوشی کیلئے، سلامتی کی راہوں کی، اور نکال دیتا ہے انکو اندھیروں سے روشنی کی طرف،

بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۶﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ

اپنے حکم سے، اور راہ دے دیتا ہے سیدھی ● بے شک کافر ہو گئے، جو

قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ مِنَ

بولے کہ اللہ مسیح ابن مریم ہی ہے۔ کہو، کہ کون قابو رکھتا ہے

اللّٰهِ شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗ وَ

کچھ بھی اللہ سے، اگر ارادہ فرمالیا کہ ہلاک کر دے مسیح ابن مریم اور ان کی ماں اور

مَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

زمین پر جو ہے سب کو۔ اور اللہ کیلئے ہے ملکیت آسمانوں اور زمین کی

وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ وَ

اور ان کے درمیان کی۔ پیدا فرما دے جو چاہے۔ اور اللہ ہر چاہے پر قادر ہے ● اور

قَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ ؕ قُلْ فَلِمَ

یہود و نصاریٰ بولے، کہ "ہم اللہ کے بیٹے اور پیارے ہیں"، کہو کہ "پھر

يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ؕ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ

تم پر عذاب کیوں کیا تمہارے گناہوں کی وجہ سے"؟ بلکہ تم بشر ہو اللہ کی مخلوقات سے۔ وہ بخش دے جسکو چاہے

وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۫

اور عذاب دے جس کو چاہے۔ اور اللہ ہی کیلئے ہے حکومت آسمانوں کی اور زمین کی اور ان کے درمیان کی،

وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ

اور اسی کی طرف پھرنا ہے ● اے اہل کتاب بیشک آ گیا تمہارے پاس ہمارا رسول، جو کھول کر ہمارا حکم ظاہر کر دیتا ہے

لَكُمْ عَلٰى فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَآءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ

تم پر، رسولوں کا سلسلہ ٹوٹ جانے پر، کہ کبھی کہیں کہہ ڈالو کہ نہیں آیا ہمارے پاس کوئی بشیر

وَّلَا نَذِيْرٍ ۫ فَقَدْ جَآءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

ونذیر۔ تو لو آ گیا تمہارے پاس بشیر و نذیر۔ اور اللہ ہر چاہے پر

قَدِيْرٌ ۝۱۹ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰي لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ ع ۳

قادر ہے● اور جب کہا موسیٰ نے اپنی قوم کو، "اے قوم یاد کرو اللہ کی نعمت کو

عَلَيْكُمْ اِذْ جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَاۗءَ وَجَعَلَكُمْ مُّلُوْكًا ۚ وَّاٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ

اپنے اوپر، کہ پیدا کیا تم میں انبیاء کو، اور تم کو بنا دیا بادشاہ، اور تم کو دیا جو کسی کو نہ

يُؤْتِ اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝۲۰ يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ

دیا آج سارے جہاں میں"● "اے قوم داخل ہو زمین پاک میں

الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا عَلٰٓي اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا

جس کو لکھ دیا اللہ نے تمہارے لئے، اور نہ پلٹو اپنی پشت پر، کہ پلٹ اٹھو

خٰسِرِيْنَ ۝۲۱ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا جَبَّارِيْنَ ۚ وَاِنَّا لَنْ

گھاٹے میں"● سب بولے، "اے موسیٰ اس میں بڑے بڑے زبردست لوگ ہیں، ہم تو وہاں

نَّدْخُلَهَا حَتّٰى يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ۝۲۲

داخل نہ ہوں گے، یہاں تک کہ وہ وہاں سے نکل جائیں، ہاں اگر وہ نکل جائیں تو ہم ضرور پہنچیں گے"●

قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا

اللہ سے ڈرنے والوں میں سے دو شخصوں نے کہا، ان دونوں پر اللہ کا انعام ہوا، کہ "داخل ہو

عَلَيْهِمُ الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَي اللّٰهِ

دروازہ میں زبردستی۔" پھر جب داخل ہو چکے، تو بیشک تمہیں جیتے۔ اور اللہ پر

فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۲۳ قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ

بھروسہ رکھو اگر اسے مانتے ہو● سب بولے، "اے موسیٰ ہم تو کبھی داخل نہ ہوں گے

اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا

جب تک وہ اس میں ہیں، تو چلے جاؤ تم اور تمہارا پروردگار، پھر دونوں مل کر جنگ کرو ہم یہاں

قٰعِدُوْنَ ۝۲۴ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا نَفْسِيْ وَاَخِيْ فَافْرُقْ

بیٹھے ہیں"● کہا موسیٰ نے، "پروردگار میں نہیں ذمہ دار ہوں، مگر اپنی ذات کا اور اپنے بھائی کا، تو الگ الگ

بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۵﴾ قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ

کر دے ہم کو اور نافرمان قوم کو" ● فرمایا، "تو بے شک وہ اس زمین سے

اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۗ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ

چالیس سال تک محروم ہوئے، ٹاپتے پھریں گے زمین میں، تو افسوس مت کرنا ان

الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ اِذْ قَرَّبَا ۸ ع

نافرمانوں پر" ● اور انھیں پڑھ کر بتاؤ آدم کے دونوں بیٹوں کا ٹھیک واقعہ۔۔۔ جب کہ دونوں نے اپنی

قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ۭ قَالَ

اپنی نیاز کی، پھر ان میں ایک کی قبول ہوئی اور دوسرے کی نہ ہوئی۔ تو وہ بولا

لَاَقْتُلَنَّكَ ۭ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾ لَىِٕنْۢ

کہ "ہم تم کو مار ڈالینگے ضرور"۔ جواب دیا کہ "اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے اپنے ڈرنے والوں سے" ● "اگر

نصف

بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ

تو نے ہاتھ بڑھایا میری طرف کہ مجھ کو قتل کر دے، تو بھی میں دست درازی نہ کروں گا، کہ تجھ کو

لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ

مار ڈالوں۔ میں تو ڈرتا ہوں اللہ کو، پالنے والا سارے جہان کا" ● "میں چاہتا ہوں کہ

تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَاِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ

تو لے جائے میرے گناہ اور اپنے گناہ، کہ ہو جا جہنم والوں سے"۔ اور یہ

جَزٰۗؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ فَقَتَلَهٗ

ظالموں کا بدلہ ہے ● پھر لگا دیا اس کو اس کے نفس نے اپنے بھائی کے مار ڈالنے کو، تو اس کو مار ڈالا،

فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۳۰﴾ فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي

تو ہو گیا گھاٹے والوں سے ● تو بھیجا اللہ نے ایک کوا، کہ زمین کریدے،

الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ سَوْءَةَ اَخِيْهِ ۭ قَالَ يٰوَيْلَتٰى

تا کہ اسے دکھا دے کہ کس طرح چھپائے اپنے بھائی کی لاش۔ بولا "ہائے رے، میں

اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ

کیا اتنا بھی نہ ہوا، کہ اس کوے کی طرح ہوں، کہ اپنے بھائی کی لاش تو چھپا دوں"۔

فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۚۛ كَتَبْنَا عَلٰى

تو کھسیانا ہو گیا● اسی لئے۔۔۔۔۔ ہم نے

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِي

آل یعقوب پر لکھ دیا، کہ جس نے کسی جان کو قتل کیا، نہ جان کے بدلے، نہ زمین پر کسی مجرمانہ شورش کی

الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا قَتَلَ النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَمَنْ اَحْيَاهَا فَكَاَنَّمَآ

سزا میں، تو اس نے گویا قتل کر ڈالا سب لوگوں کو، اور جس نے مرنے سے بچایا ایک جان کو، گویا

اَحْيَا النَّاسَ جَمِيْعًا ؕ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَيِّنٰتِ ۫ ثُمَّ

اس نے سب لوگوں کو زندہ رکھا، اور بیشک ان میں آئے ہمارے بہت سے رسول روشن دلیلوں کے ساتھ۔ پھر

اِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ﴿۳۲﴾ اِنَّمَا جَزٰٓؤُا

بھی ان کے بہتیرے زمین میں زیادتی کرنے والے ہیں● ان کا بدلہ

الَّذِيْنَ يُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ

جو جنگ کریں اللہ اور اس کے رسول سے، اور کرتے پھریں زمین میں

فَسَادًا اَنْ يُّقَتَّلُوْٓا اَوْ يُصَلَّبُوْٓا اَوْ تُقَطَّعَ اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ

جھگڑے، یہ ہے کہ ایک ایک مار ڈالے جائیں، یا پھانسی پر لٹکائے جائیں یا انکے ایک طرف کے ہاتھ تراش لئے

مِّنْ خِلَافٍ اَوْ يُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْيٌ فِي الدُّنْيَا

جائیں تو دوسری جانب کے پاؤں، یا اپنی زمین سے نکال دیئے جائیں۔ یہ تو ان کی دنیا میں رسوائی ہے

وَلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۳۳﴾ ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ

اور آخرت میں ان کیلئے بڑا عذاب ہے● مگر جنھوں نے توبہ کر لی قبل اس کے

اَنْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۴﴾ يٰٓاَيُّهَا ع ۵ ۸ ۴

کہ تم انھیں گرفتار کرو، تو جان رکھو کہ اللہ غفور رحیم ہے● اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْٓا اِلَيْهِ الْوَسِيْلَةَ وَجَاهِدُوْا

وہ جو ایمان لا چکے! اللہ کو ڈرو اور تلاش کرو اس تک پہنچنے کا وسیلہ، اور جہاد کرو

فِيْ سَبِيْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۵﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ

اس کی راہ میں، امید رکھو کہ کامیاب ہو جاؤ● بے شک جنھوں نے کفر کیا، اگر ان کا ہو جائے

مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا وَّمِثْلَهُ مَعَهُ لِيَفْتَدُوا بِهِ مِنْ عَذَابِ

جو کچھ زمین میں ہے سب، اور اسی قدر اور، کہ فدا کر دیں قیامت کے عذاب سے

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۳۶﴾ يُرِيْدُوْنَ

بچنے کیلئے، تو ان سے قبول نہ کیا جائے گا۔ اور ان کیلئے دکھ دینے والا عذاب ہے● چاہیں گے کہ

اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۡ وَلَهُمْ عَذَابٌ

نکل جائیں جہنم سے، اور وہ اس سے نکلنے والے نہیں۔ اور ان کیلئے ابدی

مُّقِيْمٌ ﴿۳۷﴾ وَالسَّارِقُ وَالسَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا

عذاب ہے● اور چور مرد و عورت، ان کے ہاتھ کاٹ لو، بدلہ میں اس کے جو انھوں

كَسَبَا نَكَالًا مِّنَ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۳۸﴾ فَمَنْ تَابَ مِنْۢ

نے کرتوت دکھایا، اور سزا میں اللہ کی طرف سے، اور اللہ غلبہ والا حکمت والا ہے● تو جس نے توبہ کر لی

بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ

اپنے ظلم کرنے کے بعد، اور اچھے چلن کا بن گیا، تو بیشک اللہ توبہ قبول فرماتا ہے اس کی۔ بیشک اللہ غفور

رَّحِيْمٌ ﴿۳۹﴾ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ

رحیم ہے● کیا تجھ کو معلوم نہیں، کہ بے شک اللہ، اسی کی ہے ملکیت آسمانوں کی اور زمین کی۔

يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ

جسے چاہے عذاب دے اور جس کو چاہے بخش دے۔ اور اللہ ہر چاہے پر

قَدِيْرٌ ﴿۴۰﴾ يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي

قادر ہے● اے رسول تمہیں پرواہ بھی نہ ہو، جو کفر میں دوڑ دوڑ گرتے ہیں۔

الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَلَمْ تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ

بعض وہ جو کہہ گئے اپنے منہ سے کہ ہم ایمان لائے، اور ان کے دل نے مانا نہیں۔

وَمِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ

اور بعض وہ جو یہودی ہیں۔ جھوٹ سننے کے بڑے شوقین، دوسرے لوگوں کی بات پر خوب کان

اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ يَاْتُوْكَ ۭ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ

دھرنے والے، جو تمہارے پاس نہیں آئے۔ الفاظ بدل دیتے ہیں انکی جگہوں کے ثابت ہو جانے کے بعد۔

ع ۳ الجزء السابع

يَقُوْلُوْنَ اِنْ اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا

کہتے ہیں اگر یہ حکم دیا گیا تو مان لینا اور اگر وہ حکم نہ دیا گیا تو بچنا۔

وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ

اور جس کی تباہی اللہ چاہے، تو اس میں تمہارا اللہ سے کچھ زور نہیں۔ یہ لوگ

الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ؕ لَهُمْ فِى الدُّنْيَا خِزْىٌ ۖ

وہ ہیں کہ، نہیں چاہا اللہ نے، کہ پاک فرمادے ان کے دل۔ ان کی دنیا میں رسوائی،

وَّلَهُمْ فِى الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۴۱﴾ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ

اور آخرت میں انکے لئے بڑا عذاب ہے● گپ کے شوقین

لِلسُّحْتِ ؕ فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَ

حرام خور۔ تو اگر وہ تمہارے پاس کبھی آئیں، تو ان میں فیصلہ کردو یا بے رخی کرلو۔ اور

اِنْ تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ

اگر تم نے بے رخی کی، تو وہ تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔ اور اگر فیصلہ کیا، تو ان میں فیصلہ کرو

بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۴۲﴾ وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ

انصاف سے۔ بیشک اللہ محبوب رکھتا ہے انصاف کرنے والوں کو● اور کیسے تم کو منصف بناتے ہیں؟

وَعِنْدَهُمُ التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ

حالانکہ ان کے پاس توریت ہے، جس میں اللہ کا حکم موجود ہے، پھر پھرے جاتے ہیں اس کے بعد۔

وَمَآ اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۳﴾ ع اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى ع ۱۰

وہ لوگ ماننے والے ہی نہیں ہیں● ہم نے اتارا توریت کو جس میں ہدایت

وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا

اور روشنی ہے۔ فیصلہ کرتے رہے یہودیوں کا اسی پر انبیاء، جو پیغام اسلام لاتے رہے،

وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا

اور اللہ والے، اور علماء، کہ ان سے کتاب اللہ کی حفاظت کی ضمانت طلب کی گئی تھی، اور

عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا النَّاسَ وَاخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا

اس پر گواہ تھے۔ تو لوگوں سے مت ڈرو اور مجھ سے ڈرو، اور مت لو

بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ

میری آیتوں کے بدلے ذلیل چیز قیمت۔ اور جس نے فیصلہ نہ کیا موافق اسکے، جسکو اتارا اللہ نے، تو وہی

هُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۴﴾ وَكَتَبْنَا عَلَيْهِمْ فِيْهَآ اَنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ ۙ

لوگ کافر ہیں● اور ہم نے لکھ دیا ان پر اس میں، کہ بے شک جان کے بدلے جان،

وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَ

آنکھ کے بدلے آنکھ، اور ناک کے بدلے ناک، اور کان کے بدلے کان، اور

السِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ؕ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِهٖ فَهُوَ

دانت کے بدلے دانت، اور سب زخموں میں اس کا بدلہ ہے۔ تو جس نے صدقہ سے کام لیا، تو وہ

كَفَّارَةٌ لَّهٗ ؕ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾

اس کے گناہ کا کفارہ ہے۔ اور جس نے فیصلہ نہ کیا موافق اسکے، جس کو اتارا اللہ نے، تو وہی ظالم ہیں●

وَقَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ

اور ان کے نقش قدم پر ان کے پیچھے ہم نے بھیجا عیسیٰ ابن مریم کو، تصدیق کرتے ہوئے اپنے سے

يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ ۫ وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ فِيْهِ هُدًى وَّنُوْرٌ ۙ

آگے آئے ہوئے توریت کی، اور دیا ہم نے ان کو انجیل، جس میں ہدایت اور روشنی ہے،

وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَهُدًى وَّمَوْعِظَةً

اور وہ تصدیق کرنے والی ہے اپنے سے آگے توریت کی، اور ہدایت و نصیحت ہے

لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۶﴾ ؕ وَلْيَحْكُمْ اَهْلُ الْاِنْجِيْلِ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْهِ ؕ وَ

ڈرنے والوں کیلئے● اور فیصلہ کریں انجیل والے، جو اتارا اللہ نے اس میں۔ اور

مَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَ

جس نے فیصلہ نہ کیا موافق اس کے، جو اتارا اللہ نے، تو وہی نافرمان ہیں● اور

اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ

اتارا ہم نے تم پر کتاب بالکل حق، تصدیق کرتی ہوئی اپنے سے آگے کی

الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا

کتاب کی، اور ان پر نگرانی رکھتی ہوئی، تو فیصلہ کرو ان میں جو اتارا تم پر اللہ نے، اور

تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ

ان کی خواہشوں کے پیچھے نہ چلو چھوڑ کر، جو آ گیا ہے تمہارے پاس حق۔ ہر ایک کیلئے تم میں سے

شِرْعَةً وَّ مِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ

ہم نے بنا رکھی تھی شریعت وطریقت۔ اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو کر دیتا ایک ہی امت۔

لٰكِنْ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَاۤ اٰتٰىكُمْ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى اللّٰهِ

لیکن اس لئے کہ آزمائش میں ڈالے تم کو، اس میں جو دیا تم کو، تو لپکو نیکیوں کی طرف۔ اللہ تک

مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۝۴۸ وَ

سب کو لوٹنا ہے، تو وہ بتا دے گا جس میں تم جھگڑتے تھے● اور

اَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَ

یہ کہ فیصلہ کرو ان میں جو اتارا اللہ نے تم پر، اور مت لگو ان کی خواہشوں کے پیچھے۔ اور

احْذَرْهُمْ اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ

ان سے بچتے رہو، کہ فتنہ نہ بن جائیں تمہارے لئے بعض ان باتوں میں، کہ اتارا اللہ نے تم تک۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ

پھر اگر انھوں نے منہ پھرا رکھا، تو جان لو کہ اللہ یہی چاہتا ہے کہ دے دے ان کو سزا ان کے بعض

ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ لَفٰسِقُوْنَ ۝۴۹ اَفَحُكْمَ

گناہوں کی۔ اور بے شک لوگوں کی اکثریت نافرمان ہے● تو کیا جاہلیت

الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ؕ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ

کا فیصلہ چاہتے ہیں؟ اور اللہ سے بہتر فیصلہ کرنے میں کون ہے، ان کیلئے جو

يُّوْقِنُوْنَ ۝۵۰ ع يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى ع ۱۱ ۷

یقین رکھیں● اے وہ جو ایمان لا چکے! نہ بناؤ یہود و نصاریٰ کو

اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ وقف لازم

دوست۔۔۔ ان میں ایک دوسرے کے دوست ہیں۔ اور جو دوستی رکھے ان کی تم میں سے، تو وہ

مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵۱ فَتَرَى الَّذِيْنَ

انھیں میں سے ہے۔ بے شک اللہ راہ نہیں دیتا ظالم لوگوں کو● تو دیکھو گے کہ جن کے

فِیْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ یُّسَارِعُوْنَ فِیْهِمْ یَقُوْلُوْنَ نَخْشٰۤی اَنْ

دلوں میں کمزوری ہے، کہ دوڑ لگائیں گے ان یہود و نصاریٰ میں، کہیں گے کہ ہمیں ڈر لگتا ہے،

تُصِیْبَنَا دَآىِٕرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ اَنْ یَّاْتِیَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ

کہ ہمیں پہنچ جائے کوئی چکر۔ تو قریب ہے کہ اللہ فتح لائے گا، یا کوئی بات

عِنْدِهٖ فَیُصْبِحُوْا عَلٰى مَاۤ اَسَرُّوْا فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِیْنَ ﴿۵۲﴾ وَ

اپنی طرف سے، کہ ہو جائیں جو اپنے دل میں چھپا رکھا ہے اس پر کھسیانے ● اور

یَقُوْلُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اَهٰۤؤُلَآءِ الَّذِیْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ

کہیں گے جو واقعی مان چکے ہیں، "کہ کیا یہی ہیں؟ جنھوں نے قسم کھائی تھی اللہ کی، بڑے زور کی

اَیْمَانِهِمْ ۙ اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ؕ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِیْنَ ﴿۵۳﴾

قسم پر قسم، کہ یہ جو تمہارے ساتھ ہیں" اکارت گئے ان کے سارے عمل تو ہو گئے دیوالیے●

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مَنْ یَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِیْنِهٖ فَسَوْفَ

اے وہ جو ایمان لا چکے! جو تم میں دین سے مرتد ہو جائے، تو جلد

یَاْتِی اللّٰهُ بِقَوْمٍ یُّحِبُّهُمْ وَ یُحِبُّوْنَهٗۤ ۙ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ

لائے گا اللہ ایسی قوم جس کو اپنا محبوب بنا دے، اور وہ اللہ کو محبوب مانیں۔ مسلمانوں پر نرم،

اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِیْنَ ۫ یُجَاهِدُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ لَا

کافروں پر خوف ناک، جہاد کریں اللہ کی راہ میں، اور نہ

یَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآىِٕمٍ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ؕ

ڈریں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کو۔ یہ اللہ کا فضل ہے جسے چاہے دے۔

وَ اللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ﴿۵۴﴾ اِنَّمَا وَلِیُّكُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَ الَّذِیْنَ

اور اللہ وسعت والا علم والا ہے● تمہارے دوست صرف اللہ و رسول، اور وہ ہیں

اٰمَنُوا الَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ یُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ هُمْ

جو ایمان لا چکے، قائم کریں نماز کو اور دیں زکوٰۃ کو اور وہ

رٰكِعُوْنَ ﴿۵۵﴾ وَ مَنْ یَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ وَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ

جھکے ہیں● اور جو دوست بنائے اللہ اور اس کے رسول اور ان کو جو ایمان لا چکے، تو بے شک

الثلثۃ

ع ۱۲

حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۵۶﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا

اللہ کا گروہ ہی غالب ہے● اے ایمان والو!

الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّلَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

جنھوں نے بنالیا ہے تمہارے دین کو ہنسی کھیل، جنھیں تم سے پہلے کتاب

مِنْ قَبْلِكُمْ وَالْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾

دی گئی ہے، اور کافر لوگ، انھیں نہ بناؤ دوست۔ اور اللہ سے ڈرو اگر اس پر ایمان رکھتے ہو●

وَاِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا هُزُوًا وَّلَعِبًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ

اور جب تم نے اذان دی نماز کیلئے، تو انھوں نے بنالیا ہنسی کھیل۔ یہ اس لئے کہ

قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۵۸﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّاۤ اِلَّاۤ

وہ قوم عقل نہیں رکھتی● کہو، "اے اہل کتاب! کیا نہیں چڑھے تم ہم سے مگر

اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَاَنَّ

اس لئے کہ ہم نے مان لیا اللہ کو، اور جو کچھ اتارا گیا ہماری طرف، اور جو اتارا گیا پہلے۔ اور بے شک

اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ

تم میں زیادہ لوگ نافرمان ہیں" ● کہہ دو "کہ کیا میں بتادوں، جو اس سے برادرجہ ہے اللہ کے

اللّٰهِ ؕ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَ

نزدیک، وہ جس کو مردود کردیا اللہ نے اور غضب نازل کیا اس پر، اور بنادیا ان میں سے بندر، اور

الْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ

سور، اور پوجا شیطان کو۔ وہ ہیں برے درجہ والے، اور سیدھی راہ سے بہت

السَّبِيْلِ ﴿۶۰﴾ وَاِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْۤا اٰمَنَّا وَقَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَهُمْ

بہکے ہوئے" ● اور جب آئے تمہارے پاس، تو "بولے کہ ہم ایمان لا چکے"، حالانکہ "آئے کفر کے ساتھ اور

قَدْ خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿۶۱﴾ وَتَرٰى كَثِيْرًا

نکلے کفر کے ساتھ" اور اللہ خوب جانتا ہے جو وہ چھپاتے تھے● اور دیکھو گے ان میں

مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ

بہتوں کو، کہ لپکتے ہیں گناہ میں، زیادتی کرنے میں، اور حرام خوری میں۔ بے شک برا ہے

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۲﴾ لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ

جو وہ کرتے رہے ● ان کو روکتے کیوں نہیں پادری اور علم والا طبقہ گناہ کی بات

الْاِثْمَ وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۶۳﴾ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ

کرنے اور حرام خوری سے؟ بے شک برا ہے جو کرتے رہے ● اور یہود بکنے لگے کہ

يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ يَدٰهُ ع ۱۰

"اللہ کی مٹھی بندھی ہے"۔ "باندھے جائیں انکے ہاتھ، اور ایسا بولنے والوں پر خدا کی مار۔۔۔ بلکہ اللہ کے دونوں ہاتھ

مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ

کھلے ہیں، لٹائے جیسے چاہے"۔ اور ضرور بڑھتی رہے گی ان میں سے بہتوں کی شرارت و انکار، کہ جو اتارا گیا

اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ؕ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَ

تمہاری طرف تمہارے رب کی طرف سے۔ اور ڈال دیا ہم نے ان میں دشمنی اور

الْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَآ اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا اللّٰهُ ۙ

کینہ قیامت تک۔ جب انھوں نے جلائی جنگ کی آگ، بجھادے اللہ۔

وَيَسْعَوْنَ فِى الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۶۴﴾

اور لگے ہیں زمین میں فساد مچانے کو۔ اور اللہ نہیں پسند فرماتا فسادیوں کو ●

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ

اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے، اور اللہ سے ڈرتے، تو ہم اتار دیتے ان سے ان کے گناہ، اور

لَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَ

ضرور ہم داخل کرتے ان کو عیش کے باغوں میں ● اور اگر انھوں نے قائم رکھا ہوتا توریت اور

الْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَ

انجیل کو، اور جو اتارا گیا ان کی طرف ان کے پروردگار کی طرف سے، تو ضرور کھاتے سر کے اوپر اور

مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ

پاؤں کے نیچے سے۔ کچھ ان میں معتدل ہیں، اور زیادہ ہیں جن کے

سَآءَ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۶﴾ يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ ع ۱۱

کرتوت برے ہیں ● اے رسول! تبلیغ کر دو جو کچھ اتارا گیا تمہاری طرف

رَبِّكَ ؕ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ

تمہارے پروردگار کی طرف سے، ورنہ تبلیغ ہی نہ کی پیغام الٰہی کی، اور اللہ بچاتا رہے گا تم کو

مِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۷﴾ قُلْ يٰۤاَهْلَ

لوگوں سے۔ بے شک اللہ راہ نہیں دیتا منکر قوم کو● کہہ دو کہ اے اہل

الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَ

کتاب تم کچھ بھی نہیں ہو، یہاں تک کہ قائم کرو توریت و انجیل کو، اور

مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ

جو اتارا گیا تمہاری طرف تمہارے پروردگار کی طرف سے، اور ضرور بڑھتی رہے گی ان میں سے بہتوں کی

مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّكُفْرًا ۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾ اِنَّ

شرارت و انکار، جو نازل کیا گیا ہے تمہاری طرف تمہارے پروردگار کی طرف سے، تو کافر قوم پر غم نہ کرو● بیشک

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰى مَنْ

مسلمان، یہودی، اور ستارہ پرست، اور نصرانی میں سے، جو

اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

مان ہی جائے اللہ کو اور پچھلے دن کو، اور کیا اچھے کام، تو نہ کوئی ڈر ہے ان پر،

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۹﴾ لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ وَ

اور نہ وہ رنجیدہ ہوتے ہیں● البتہ بے شک ہم نے مضبوط عہد لیا آل یعقوب کا، اور

اَرْسَلْنَاۤ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰۤى اَنْفُسُهُمْ ۙ

بھیجا ان کی طرف کئی رسول۔ جب آیا ان کے پاس کوئی رسول وہ لے کر، جس کی خواہش ان کے

فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ ﴿۷۰﴾ وَحَسِبُوْۤا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ

نفس کو نہیں، تو کچھ کو جھٹلایا اور کچھ کو قتل کریں● اور گمان کیا کہ کچھ گڑبڑ نہ ہوگی۔

فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ

پھر اندھے ہوگئے اور بہرے ہوگئے، پھر اللہ نے انکی توبہ قبول کی، پھر اندھے ہوگئے اور بہرے ہوگئے بہتیرے،

مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷۱﴾ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اِنَّ

اور اللہ دیکھنے والا ہے ان کے کرتوت کو● بے شک کفر کیا جنھوں نے کہا کہ

اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۚ وَقَالَ الْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ

"اللہ مسیح ابن مریم ہی ہیں"۔ اور مسیح نے کہا کہ "اے بنی اسرائیل

اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۭ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ

پوجو اللہ کو، میرا پروردگار اور تمہارا پالنہار"۔ بے شک جو شرک کرے اللہ سے، تو بے شک حرام کر دیا

اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝۷۲

اللہ نے اس پر جنت کو، اور اس کا ٹھکانہ جہنم ہے۔ اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ●

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ وقف لازم

بے شک ضرور کفر کیا، جنھوں نے کہا کہ اللہ تین کا تیسرا ہے۔۔۔۔۔ کوئی معبود نہیں

اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۭ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ

مگر ایک معبود۔ اور اگر توبہ نہ کی اپنی اس بکواس سے، تو ضرور پہنچے گا ان میں جنھوں نے

كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۷۳ اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَ

یہ کفر کیا، دکھ دینے والا عذاب ● تو کیوں نہیں توبہ کر ڈالتے اللہ سے، اور

يَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۷۴ مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ

اس کی مغفرت مانگتے۔ اور اللہ غفور رحیم ہے۔ مسیح ابن مریم

اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ ۭ

رسول ہی ہیں۔ بے شک گزرے ان کے پہلے بہت سے رسول۔ اور اس کی ماں صدیقہ ہیں۔

كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ۭ اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ انْظُرْ

دونوں کھانا کھاتے تھے۔ دیکھو کہ ہم کس طرح صاف بتائے دیتے ہیں ان کو نشانیاں، پھر دیکھو

اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ۝۷۵ قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمْلِكُ

کہ وہ کیسے اوندھے کئے جاتے ہیں ● کہو کہ کیا پوجتے ہو اللہ کو چھوڑ کر اسے، جو نہ کچھ

لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ۭ وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝۷۶ قُلْ يٰٓاَهْلَ

بگاڑ سکے نہ بنا سکے؟ اور اللہ سننے والا علم والا ہے ● کہو کہ اے اہل

الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْٓا اَهْوَاۗءَ

کتاب! اپنے دین میں ناحق غلو نہ کرو، اور اس قوم کی خواہشوں کی پیروی

قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ سَوَآءِ

نہ کرو، جو خود پہلے سے گمراہ ہو گئے، اور بہتوں کو گمراہ کر ڈالا، اور سیدھی راہ سے

السَّبِيْلِ ﴿۷۷﴾ لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ

بہک گئے● لعنت بھیجی گئی ان پر جنھوں نے کفر کیا اولاد اسرائیل سے، زبان پر

دَاوٗدَ وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۷۸﴾

داؤد و عیسیٰ ابن مریم کے۔ یہ کیونکہ گناہ کر چکے تھے اور سرکشی کرتے تھے●

كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ۭ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۹﴾

کسی کو منع نہیں کرتے تھے جو کر گزرتے کوئی برائی، بے شک برا تھا جو وہ کرتے تھے●

تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۭ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ

اُن کے بہتیروں کو دیکھو گے کہ دوستی کرتے ہیں ان سے جو کافر ہو چکے۔ بیشک برا ہے جو پہلے کر چکے

لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۸۰﴾

ان کے نفس، یہ کہ غضب فرمایا اللہ نے ان پر، اور عذاب میں وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں●

وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ

اور اگر مان جاتے اللہ کو، اور نبی اسلام کو، اور جو نازل کیا گیا اسکی طرف، تو نہ بناتے ان کو

اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۱﴾ لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ

دوست، لیکن ان کی اکثریت نافرمان ہے● ضرور پاؤ گے سب سے بڑھ کر

عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ

دشمن مسلمانوں کا، یہودیوں کو اور مشرکوں کو۔ اور ضرور پاؤ گے

اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى ۭ

سب سے زیادہ نزدیک دوستی میں مسلمانوں کے، جنھوں نے کہا کہ ہم نصرانی ہیں۔

ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ

یہ اس لئے کہ ان میں بعض علم دوست، اور درویش منش ہیں، اور وہ

لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۸۲﴾

غرور نہیں کرتے●